http://dailygawadarbusiness.com.pk
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
جلد 22 | بدھ 30 ستمبر 2026ء | 17 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 81

جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بزرگوں، معذوروں کیلئے مفت سفری سہولیات کا اعلان

میٹرو ٹرین سروس کو مستقبل میں دو ٹرینوں تک وسعت دی جائے گی، وزیر اعلیٰ

جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس بلوچستان میں اپنی نوعیت کی پہلی میٹرو ٹرین سروس ہے، مقصد شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم لاگت سفری سہولت فراہم کرنا ہے

عوام کی ترقی اور سہولت حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور صوبے کے عام آدمی کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پہلی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر بزرگ شہریوں اور خصوصی افراد کے لیے مفت سفری سہولت فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ میٹرو ٹرین سروس کو مستقبل میں دو ٹرینوں تک وسعت (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کی وطن واپسی پر اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کا شیڈول طے کرنے کا فیصلہ

اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کا شیڈول طے کرنے کیلئے حکومت خود رابطہ کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی وطن واپسی پر اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کا شیڈول طے کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس حوالے سے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

بیرسٹر گوہر کا سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے رابطہ، ملاقات (آج) ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کو ٹیلی فون کر کے ملاقات کا وقت (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

صدر آصف علی زرداری سے محسن نقوی کی ملاقات

ملاقات میں ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے اہم ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 23 پر)

☆☆ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں ☆☆

حکومت کا یکساں گیس ٹیرف نافذ کرنے کا فیصلہ، آئی ایم ایف سے منظوری لی جائیگی

حکومت کو موجودہ کراس سبسڈی کا نظام ختم کر کے کم آمدن والے گھرانوں کیلئے ہدفی مالی معاونت کی خاطر تقریباً 162 ارب روپے مختص کرنا ہوں گے

تمام صارفین کے زمروں کو بتدریج تقریباً 170 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کے یکساں اوسط ٹیرف کی جانب منتقل کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت توانائی نے یکم جولائی 2027 سے ملک میں یکساں گیس ٹیرف نافذ کرنے کیلئے عالمی مالیاتی فنڈ سے منظوری لینے کا فیصلہ کیا ہے اس مقصد (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم لندن سٹاک ایکسچینج ٹریڈنگ اوپننگ کا اعزاز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی وزیر اعظم بن گئے

پاکستان ایسی منڈی ہے جہاں غیر ملکی سرمایہ کاری کو با آسانی راغب کر سکتے ہیں، وزیر اعظم

لندن (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لئے پرکشش مواقع سے مستفید ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سے لاقات کے بعد اپوزیشن رہنما میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

قومی اسمبلی کا اجلاس کل طلب کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے قومی اسمبلی کا اجلاس یکم اکتوبر کو طلب کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اتحادیوں کی مشاورت سے اجلاس کی طلبی کیلئے شیڈول طے کیا گیا۔ اجلاس (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کی دنیا کے معروف مالیاتی اداروں بارکلیز، جے پی مورگن، سٹی، بلیک راک اور روتھ شیلڈ اینڈ کو کے اعلیٰ حکام سے الگ الگ ملاقاتیں

پاکستان کے معاشی آشیانے بہتری کی جانب گامزن ہیں

شہباز شریف

شہباز شریف کی جے پی مورگن کو پاکستان میں اپنی سرگرمیوں اور موجودگی کو مزید وسعت دینے کی دعوت، معاشی استحکام کیلئے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا

پاکستان نے حالیہ برسوں میں معیشت کو بہتر بنانے کیلئے بہت محنت کی ہے، 2 ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈ کا اجرا اس کا واضح ثبوت ہے، خطاب

لندن (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوتا تو ہم بہت آگے جا چکے ہوتے۔ لندن اسٹاک ایکسچینج کے دورے کے دوران شہباز شریف نے اوپن تقریب میں شرکت کی اور کہا کہ پاکستان کے معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

لندن (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے برطانیہ کے دورے کے دوران دنیا کے معروف مالیاتی اداروں بارکلیز، جے پی مورگن، سٹی، بلیک راک اور روتھ شیلڈ اینڈ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

حنیف عباسی کی وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملاقات

میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کے حوالے سے بلوچستان دیگر صوبوں سے سبقت لے گیا، حنیف عباسی

جناح میٹرو ٹرین سروس بلوچستان میں جدید اور با اعتماد سفری سہولت کے نئے دور کا آغاز ہے، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

لندن: وزیر اعظم شہباز شریف سے سرمایہ کاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان تحریک انصاف کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار

ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق بھی ہیں۔ ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں جا رہے کہ وفاقی حکومت ہمارا راستہ روک رہی ہے، سہیل آفریدی

ارکان اسمبلی کی جانب سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز وزیر اعلیٰ نے مسترد کر دی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز مسترد کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پشاور میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف کا وزیر اعلیٰ ہاؤس میں (بقیہ نمبر 30 صفحہ 2 پر)

پی ٹی آئی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کا لائحہ عمل تیار کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کے انتظامات کو حتمی شکل دیتے ہوئے مارچ کو صوابی یا اٹک تک محدود رکھنے کا فیصلہ کر لیا۔ منگل کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی زیر صدارت اجلاس میں لانگ مارچ (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کی 55 منٹ تک ملاقات

دونوں نے ایک دوسرے کی خیریت دریافت کی، ملاقات کے بعد اپنے اپنے سیل میں منتقل کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بشریٰ بی بی سے ملاقات کرا دی گئی۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی کانفرنس روم میں ملاقات 55 منٹ تک (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی ملاقات کر رہے ہیں

افغان حکومت کو عسکریت پسندانہ سوچ سے نکل کر ذمہ دار ریاست کی سوچ اپنانا ہوگی

عطا تارڑ

پاکستان امن، مذاکرات اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے تاہم پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، امن کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کا جواب دیا جائے گا

افغان عوام ایک بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں اور انہیں اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے، وزیر اطلاعات کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغان عبوری حکومت کو عسکریت پسندانہ سوچ سے نکل کر ذمہ دار ریاست کی سوچ اپنانا ہوگی، پاکستان امن، مذاکرات اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے تاہم پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، امن کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کا جواب دیا گیا ہے اور دیا (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، اسمبلی تحلیل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، بیرسٹر گوہر

اپوزیشن نے آل پارٹیز کانفرنس کی تجویز دی، پارٹی چیئرمین سے بات کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے، نیئر حسین بخاری

بحران میں سیاسی جماعتیں مل بیٹھتی ہیں، مشکل وقت ہے، اتحاد کی ضرورت ہے، علامہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، پی ٹی آئی کا صوبائی اسمبلی تحلیل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی جناح پیپلز میٹرو ٹرین منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعظم کی خصوصی فیول ریلیف سکیم کی کامیابی کی تعریف

اسحاق ڈار کی زیر صدارت فیول سبسڈی سے متعلق قومی سٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس

وزیر خارجہ نے مستحقین کو سہولت فراہم کرنے اور ملک بھر میں خدمات کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لئے مسلسل رابطہ کاری کی ضرورت پر زور دیا

اب تک تقریباً 76 لاکھ رجسٹریشن کامیابی سے مکمل ہو چکی ہیں اور ٹوکن کے استعمال کا عمل دوسرے ہفتے میں داخل ہو گیا ہے، حکام کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے وزیر اعظم کی خصوصی فیول ریلیف سکیم کی کامیابی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی حکومت کے تمام اداروں کی مشترکہ کوشش کی عکاسی کرتی ہے۔ منگل کو یہاں نائب وزیر اعظم کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق انھوں نے نیویارک سے واپسی پر وزیر اعظم کی خصوصی فیول ریلیف سکیم پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لئے فیول سبسڈی سے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

'آپ تیاری پکڑیں، میں تیار ہوں'، سہیل آفریدی کا لانگ مارچ سے سوشل میڈیا پر پیغام

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے لانگ مارچ کے حوالے سے پی ٹی آئی کارکنوں کو اہم پیغام جاری کر دیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

اعظم نذیر تارڑ کا پی ٹی آئی کو سنجیدہ مذاکرات کا مشورہ

یہ چاہتے ہیں کہ جلسے جلوس اور شہروں پہ چڑھائی کر کے بانی کی رہائی کروائی جائے تو ایسا نہیں ہو سکتا

اگر حکم پر عملدرآمد میں کوئی کمی بیشی ہے تو اسے عدالت کو دیکھنا ہے، جلسے جلوس سے ایسا نہیں ہوگا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف کو سنجیدہ مذاکرات کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ چاہتے ہیں کہ جلسے جلوس اور شہروں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

امریکا ایران کشیدگی کا اثر، خام تیل کی قیمت 106 ڈالر سے تجاوز کر گئی

واشنگٹن (این این آئی) عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں مسلسل دوسرے سیشن بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ نے چینی صدر شی جن پنگ کو امریکی ہتھیار خریدنے کی پیشکش کی: امریکی سفیر کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سفیر برائے چین ڈیوڈ پرڈیو نے انکشاف کیا (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

بجلی صارفین پر مزید بوجھ پڑنے کا امکان

نیپرا اتھارٹی درخواست اور متعلقہ اعداد و شمار کا مزید جائزہ لینے کے بعد اپنا فیصلہ جاری کرے گی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بجلی صارفین پر مزید بوجھ پڑنے کا امکان ہے، نیپرا نے فی یونٹ قیمت میں 1.73 روپے اضافے کی درخواست کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

ایران کے منجمد اثاثے بحال، عائد پابندیاں ختم کرنے کی پیشکش نہیں کی، ٹرمپ

امریکا سے مذاکرات پہلے سے زیادہ سنجیدہ اور مختصر ہو سکتے ہیں، ایران

امریکا اور ایران میں پیغامات کا تبادلہ، اتفاق رائے کی کوشش جاری ہے، خطے میں انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنانے کی دھمکی عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے، قطر

ابوموسیٰ، گریٹر تنب اور لیسر تنب ایران کی سرزمین کا حصہ ہیں، یو اے ای کا دعویٰ مسترد، ایران نے متنازع تین جزائر پر خودمختاری کو ناقابل مذاکرات قرار دے دیا

واشنگٹن / دوحہ / تہران / نیویارک (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ انہوں نے ایران کے منجمد اثاثے بحال کرنے اور تہران پر عائد پابندیاں ختم کرنے سے متعلق کوئی پیشکش نہیں کی۔ امریکی میڈیا پر جاری ایک خبر کی تردید کرتے ہوئے صدر (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

چار، پانچ اکتوبر بھی گزر جائے گی مگر پی ٹی آئی کی ڈرامے بازی ختم نہیں ہوگی، رانا تنویر حسین

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ چار اور پانچ اکتوبر بھی گزر جائے گی مگر (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا حکومت گورنر راج لگانے کیلئے درکار تمام عناصر فراہم کر چکی ہے، اختیار ولی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

پرنسپل انفارمیشن آفیسر رئیسہ عادل کی اے پی این ایس ہاؤس کا دورہ

مسائل کے جلد از جلد حل کے لیے کوششیں کی جائیں گی، اے پی این ایس کے اراکین کو یقین دہانی

رجسٹریشن کے قواعد کو تمام متعلقہ فریقین سے مشاورت کے بعد سادہ اور سہل بنایا جائے، سرمد علی

کراچی (پ ر) پرنسپل انفارمیشن آفیسر (PIO) رئیسہ عادل نے اے پی این ایس ہاؤس کا دورہ کیا اور اے پی این ایس کی ایگزیکٹو کمیٹی کے سندھ سے تعلق رکھنے والے اراکین (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اور کے پی میں فورسز کی کارروائیاں 7 دہشتگرد ہلاک

فورسز کی بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سکیورٹی ذرائع

عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کر کے دم لیں گے، وزیر داخلہ محسن نقوی

کوئٹہ / پشاور / راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 7 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر پہلا آزمائشی سفر کر رہے ہیں

لانگ مارچ موخر ہونے کے بعد حکومت کیلئے مذاکرات کا موقع ہے، بیرسٹر علی ظفر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ موخر ہونے کے بعد حکومت کے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

آئین پاکستان کو نہ ماننے والوں سے کوئی بات نہیں ہوگی، فیصل کریم

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ جو پاکستان کے آئین کو نہیں مانے گا، اس سے کوئی بات (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

صوبوں کو ریلوے سائل تک مساوی رسائی اولین ترجیح ہے، حنیف عباسی

منصوبے پر خوشی مجھ سمیت ہر اس پاکستانی کو ہے جو بلوچ، پشتون، سندھی، سرائیکی اور پنجابی سمیت تمام قومیتوں کو پاکستان کے ماتھے کا جھومر سمجھتا ہے

تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی، جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

عوامی مینڈیٹ سے اقتدار میں آئے، ہر پالیسی عوام کیلئے ہونی چاہئے، سہیل آفریدی

4 اکتوبر کو لانگ مارچ لازمی ہوگا، کوئی دھمکی، بندوق یا ڈنڈا ہمیں ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹا سکتا

اس دفعہ بند کمروں کی پالیسی نہیں چلے گی، چاہتے ہیں خیبر پختونخوا کے عوام کا خون نہ بہے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہم عوامی مینڈیٹ کے ساتھ اقتدار میں آئے ہیں، ہماری ہر پالیسی عوام کے لیے ہونی چاہیے، عوامی مینڈیٹ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملہ، ایک فلسطینی شہید، بچوں سمیت متعدد زخمی

غزہ (این این آئی) غزہ کے مغرب میں واقع النصر میں اسرائیلی ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک فلسطینی شہید اور بچوں سمیت (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے لوگوں نے رابطہ کر کے کہا خدارا کوئی راستہ نکالیں، بیرسٹر عقیل ملک کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

اولان باتور: وفاقی وزیر احسن اقبال منگولیا میں منعقدہ پچھتیسویں کیرک وزارتی کانفرنس کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا اور اسرائیل کی ایران کو پسماندگی میں دھکیلنے کی کوشش ناکام ہوگئی، مجتبیٰ خامنہ ای

بعض لوگ اب ایران کو چوتھی سپر پاور کہتے ہیں تاہم اللہ نے چاہا تو یہ سب سے بڑی طاقت ہوگا

تہران (این این آئی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کو پسماندگی میں دھکیلنے کی کوشش ناکام ہوگئی اور (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

سہیل آفریدی کے ہوتے نئے وزیر اعلیٰ کی دوڑ شروع، پی ٹی آئی گروپس متحرک

ممکنہ تبدیلی کی صورت میں وزارت عالیہ کے لیے ناراض گروپ اپنا امیدوار لانے کیلئے منصوبہ بندی کر رہے ہیں

سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور سے وابستہ ارکان بھی متحرک ہو گئے، ناراض ارکان کے گروپ نے ایک اجلاس بھی طلب کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا میں وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی موجودگی کے باوجود پاکستان تحریک انصاف کے اندر ممکنہ تبدیلی اور نئے وزیر اعلیٰ کے انتخاب کے لیے لابنگ شروع ہو گئی ہے، سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور سمیت پارٹی کے ناراض ارکان کے گروپس (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

مری، اسکول وین کھائی میں جا گری، آگ لگنے سے 11 بچے جل گئے

جھلسنے والے بچوں کو ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری منتقل کر دیا گیا

مری (این این آئی) مری میں سائن روڈ مسیاڑی کے مقام پر نجی اسکول وین کھائی میں گرنے کے بعد آگ کی لپیٹ میں آ گئی، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 11 بچے جھلس گئے۔ ڈی پی او مری کے مطابق 4 شدید جھلسے بچوں کو ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی منتقل کر دیا (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ریسکیو 1122 اور فائر بریگیڈ کیلئے 21 نئی گاڑیوں کا کراچی پورٹ پہنچنے پر معائنہ کر رہے ہیں

چھوٹے کاروبار اور ہاسٹنگ کے لیے قرضوں کی حد 50 لاکھ کرنے کی تجویز

کراچی (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مائیکرو انٹرپرائزز اور ہاسٹنگ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کا (آج) آخری روز، تاخیر پر بھاری جرمانے لگیں گے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کا (آج) 30 ستمبر آخری روز ہے جس کے بعد گوشوارے جمع کرانے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ فوری ملتوی کیا جائے، شوکت یوسفزئی نے پارٹی چیئرمین کو خط لکھ دیا

عمران خان نے بھی ماضی میں ورکرز کی جانوں کے تحفظ کیلئے لانگ مارچ ختم کیا تھا، رہنما پی ٹی آئی

ریاست سے ٹکراؤ کے بجائے مذاکرات کی راہ ہموار کی جائے، افغانستان سے ممکنہ حملہ ایمرجنسی کا جواز بن سکتا ہے، متن

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے لانگ مارچ ملتوی کرنے کے لیے پارٹی قیادت کو خط لکھ دیا۔ میڈیا رپورٹ کے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

بہت جلد پٹرولیم لیوی ختم اور پٹرول سستا کرائیں گے: حافظ نعیم الرحمٰن

روزانہ صبح و شام عوام پر پٹرولیم لیوی کے نام پر بوجھ ڈالا جا رہا ہے

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بہت جلد پٹرولیم لیوی ختم اور پٹرول سستا کرائیں گے۔ کراچی میں الخدمت کراچی کے تحت (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

صحت صرف انتظامی نہیں، قومی سلامتی اور معیشت کا بھی اہم مسئلہ ہے، سید مصطفیٰ کمال

پاکستان میں بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث ہیلتھ کیئر سسٹم پر دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) فاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ صحت پاکستان کا صرف انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی اور قومی معیشت کا بھی اہم مسئلہ ہے، پاکستان میں بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث ہیلتھ کیئر سسٹم پر دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے نمٹنے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

لورالائی ترقی کے ایک نئے سفر میں داخل ہو چکا

تحریر: میر محمود بلوچ

لورالائی: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع لورالائی میں ترقیاتی عمل ایک نئے اور جامع مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جاری منصوبے نہ صرف بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنا رہے ہیں بلکہ تعلیم، کھیل، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، خواتین کو بااختیار بنانے، نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافے، شہری خوبصورتی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی بنیاد بھی فراہم کر رہے ہیں۔ لورالائی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو دیکھا جائے تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ موجودہ ترقیاتی حکمت عملی صرف اینٹ، سیمنٹ اور سڑکوں تک محدود نہیں بلکہ انسانی وسائل کی ترقی اور مستقبل کی نسلوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ڈبل اسٹوری ڈیجیٹل لائبریری — علم، تحقیق اور ڈیجیٹل تعلیم کا مرکز لورالائی میں زیر تعمیر میل و فیمیل ڈبل اسٹوری ڈیجیٹل لائبریری ایک اہم اور مستقبل ساز منصوبہ ہے۔ گرے اسٹرکچر تکمیل کے آخری مراحل میں پہنچ چکا ہے۔ یہ لائبریری طلبہ و طالبات، نوجوانوں اور تحقیق سے وابستہ افراد کے لیے مطالعہ، تحقیق اور جدید ڈیجیٹل ذرائع تک رسائی کا ایک نیا مرکز بن سکتی ہے۔ آج کے دور میں کسی بھی علاقے کی ترقی کا بنیادی پیمانہ اس کے انسانی وسائل اور علم تک رسائی ہے۔ اس تناظر میں ڈیجیٹل لائبریری لورالائی کے نوجوانوں کو جدید علمی دنیا سے جوڑنے، ان کی تعلیمی استعداد بڑھانے اور مسابقتی امتحانات و اعلیٰ تعلیم کے لیے بہتر ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ یہ لائبریری دراصل لورالائی کے نوجوانوں کے ہاتھ میں کتاب، علم اور جدید ٹیکنالوجی دینے کی کوشش ہے۔ میل و فیمیل ڈبل اسٹوری میل و فیمیل ڈبل اسٹوری جمنازیم کا منصوبہ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ مرد و خواتین کے لیے علیحدہ اور جدید جمنازیم کی سہولت صحت مند معاشرے کے قیام اور کھیلوں و جسمانی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ صحت مند نوجوان ہی ایک مضبوط معاشرے اور مضبوط معیشت کی بنیاد بنتے ہیں۔ کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کے لیے بہتر سہولیات نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، ٹیم ورک اور قیادت کی صلاحیتیں بھی پیدا کرتی ہیں۔ ترقی یافتہ معاشرہ وہی ہے جہاں کتاب بھی آباد ہو اور کھیل کا میدان بھی۔ بی آر سی فٹسال گراؤنڈ — کھیلوں کے میدان آباد کرنے کی عملی کوششی آر سی فٹسال گراؤنڈ لورالائی کا منصوبہ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ آسٹروٹرف بچھانے کا کام مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ سلیکا سینڈ اور ربڑ انفل کا کام جاری ہے۔ مختصر مدت میں منصوبے کو آخری مراحل تک پہنچانا ترقیاتی کاموں کی رفتار اور مؤثر نگرانی کی عکاسی کرتا ہے۔ طالبات کے لیے کھیلوں کی جدید سہولیات گورنمنٹ گرلز کالج لورالائی میں BSDI کے تحت تعمیر ہونے والا فٹسال گراؤنڈ مکمل کر لیا گیا ہے۔ اسی طرح سرکاری باغ میں گرلز کے لیے فٹسال گراؤنڈ اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول میں کھیلوں سے متعلق سہولیات کے منصوبے بھی طالبات کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔ ان منصوبوں سے طالبات کو تعلیم کے ساتھ کھیلوں کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنے کے مواقع ملیں گے۔ لورالائی کی بیٹیوں کو تعلیم کے ساتھ کھیل، صحت، اعتماد اور آگے بڑھنے کے مواقع دینا ایک روشن اور ترقی یافتہ معاشرے کی علامت ہے۔ آئی ٹی ہب — روزگار اور ڈیجیٹل معیشت کی طرف قدم آئی ٹی ہب لورالائی افتتاح کے لیے تیار ہے۔ یہ منصوبہ ضلع کے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں، فری لانسنگ، آن لائن روزگار، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید کاروباری مواقع سے جوڑنے کی جانب اہم قدم ہے۔ دنیا تیزی سے ڈیجیٹل معیشت کی طرف بڑھ رہی ہے اور ایسے میں دور دراز اضلاع کے نوجوانوں کو بھی عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ تک رسائی کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آئی ٹی ہب نوجوانوں کو یہ موقع فراہم کرسکتا ہے کہ وہ اپنے شہر میں رہتے ہوئے جدید ہنر سیکھیں اور ملکی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع حاصل کریں۔ ایک نوجوان کو ہنر دینا صرف ایک فرد کو روزگار دینا نہیں بلکہ ایک پورے خاندان کے مستقبل کو مضبوط بنانا ہے۔ شہری ترقی اور خوبصورتی — لورالائی کی نئی شناختلوی موڑ سے باچا خان چوک تک دونوں اطراف فٹ پاتھ اور گرین بیلٹ کی تعمیر، باچا خان چوک کی تزئین و آرائش سمیت دیگر شہری منصوبے بھی لورالائی کے شہری انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کی جانب اہم قدم ہیں۔ فٹ پاتھ شہریوں، بالخصوص بزرگوں، خواتین اور بچوں کے لیے محفوظ پیدل راستے فراہم کریں گے جبکہ گرین بیلٹس شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ماحول کو بہتر بنانے میں بھی معاون ثابت ہوں گی۔ شہری ترقی کا مقصد صرف شہر کو خوبصورت بنانا نہیں بلکہ محفوظ، منظم، صاف ستھرا اور شہریوں کے لیے آسان ماحول پیدا کرنا بھی ہے۔ فیز تھری — تحصیل میختر کو بھی ترقیاتی عمل میں شامل کرنا لورالائی کے ترقیاتی سفر کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ ترقی کا دائرہ صرف ضلعی ہیڈکوارٹر تک محدود نہیں رکھا جا رہا بلکہ BSDI کے فیز تھری میں تحصیل میختر کو بھی مختلف ترقیاتی منصوبوں میں شامل کیا گیا ہے۔ تحصیل میختر میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز یا شمولیت اس امر کی عکاسی ہے کہ دور دراز علاقوں کو بھی بنیادی سہولیات اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ شہر سے تحصیل تک اور مرکزی علاقوں سے دور دراز آبادیوں تک ترقی کے ثمرات پہنچانا ہی حقیقی معنوں میں جامع اور متوازن ترقی ہے۔ ترقی کا مطلب روزگار، سہولت اور بہتر مستقبل لورالائی میں جاری منصوبوں کا مجموعی جائزہ لیا جائے تو ان کے اثرات کئی شعبوں تک پھیلتے نظر آتے ہیں۔ تعمیراتی منصوبوں سے مقامی سطح پر روزگار اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے، تعلیمی منصوبے انسانی وسائل کو مضبوط کرتے ہیں، آئی ٹی ہب نوجوانوں کو ڈیجیٹل معیشت سے جوڑتا ہے، جبکہ کھیلوں کی سہولیات ایک صحت مند اور فعال معاشرے کی تشکیل میں معاون بنتی ہیں۔ اسی طرح شہری انفراسٹرکچر کے منصوبے شہر کو بہتر، منظم اور رہنے کے قابل بنانے میں کردار ادا کرتے ہیں۔ ترقی کا اصل مقصد صرف نئی عمارتیں بنانا نہیں بلکہ ایسی سہولیات پیدا کرنا ہے جو عوام کی زندگی میں حقیقی اور دیرپا بہتری لائیں۔ ڈپٹی کمشنر کا ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے BSDI کے تحت جاری مختلف منصوبوں کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام، پیش رفت اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طوراوتمانخیل، بریگیڈیئر نعمان، سابق ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ، ایکسین بی اینڈ آر احمد دین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی، متعلقہ محکموں کے افسران اور کنٹریکٹرز موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی کہ کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، لیبر کی تعداد میں ضرورت کے مطابق اضافہ کیا جائے اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی فنڈز سے مکمل ہونے والے منصوبے پائیدار، معیاری اور عوامی ضروریات کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔ لورالائی کا مستقبل — علم، ہنر، کھیل اور ترقی حکومت بلوچستان کے ان منصوبوں کو لورالائی کے مستقبل کے حوالے سے ایک جامع ترقیاتی سوچ کا حصہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ اگر ان منصوبوں کو مقررہ وقت، شفافیت اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے اور ان کی مؤثر دیکھ بھال بھی یقینی بنائی جائے تو یہ سہولیات آنے والے برسوں میں ہزاروں شہریوں، طلبہ و طالبات اور نوجوانوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہیں۔ لورالائی میں ترقی کا یہ سفر دراصل ایک ایسے مستقبل کی تشکیل کی کوشش ہے جہاں نوجوان کے ہاتھ میں کتاب بھی ہو، ہنر بھی ہو، کھیل کا میدان بھی ہو اور روزگار کے لیے ڈیجیٹل دنیا کا دروازہ بھی کھلا ہو۔ لورالائی اب صرف تعمیر نہیں ہو رہا، بلکہ ایک نئی نسل کے بہتر مستقبل کی بنیاد رکھی جا رہی ہے۔ «" کتاب سے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی تک، کھیل کے میدان سے روزگار تک — لورالائی ترقی کے ایک نئے سفر میں داخل ہو چکا ہے" » شہر سے تحصیل میختر تک ترقی کا دائرہ وسیع کرنا ہی متوازن اور جامع ترقی کی حقیقی تصویر ہے۔ ڈبل اسٹوری ڈیجیٹل لائبریری اور ڈبل اسٹوری میل و فیمیل جمنازیم، آئی ٹی ہب اور جدید فٹسال گراؤنڈز — یہ منصوبے آج کی تعمیر نہیں، کل کے لورالائی کی بنیاد ہیں۔ "» ترقی کا اصل چہرہ وہ ہے جب عوام کو بہتر تعلیم، صحت مند سرگرمیاں، جدید ہنر، روزگار اور باعزت زندگی کے مواقع میسر آئیں۔ «" اختتامی پیغام لورالائی کی ترقی کا یہ سفر اگر اسی رفتار، معیار اور تسلسل کے ساتھ جاری رہا تو BSDI کے یہ منصوبے نہ صرف ضلع کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کریں گے بلکہ تعلیم یافتہ، ہنرمند، صحت مند اور باصلاحیت نوجوان نسل کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ یہی وہ ترقی ہے جو عمارتوں سے آگے بڑھ کر انسانوں کی زندگی بدلتی ہے اور کسی بھی علاقے کے پائیدار مستقبل کی حقیقی بنیاد بنتی ہے۔



کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بزدار

ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع

جمنازیم — صحت مند معاشرے کی بنیاد اسی طرح سہولیات گورنمنٹ گرلز کالج لورالائی میں BSDI

رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طوراوتمانخیل

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی اہم ملاقاتیں

مکہ دفاعی اتحاد نے سعودی سلامتی کے لیے تمام ضروری اقدامات کی حمایت کا اعلان کردیا۔ نیویارک میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جس میں سعودی عرب میں شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی گئی۔ ادھر، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، سعودی چیف آف جنرل سٹاف فیاض بن حامد اور ترک چیف آف جنرل سٹاف جنرل سلجوق بیرقدر اوغلو نے بھی اس سلسلے میں ایک ملاقات کی ہے جس میں تینوں فوجی حکام نے سعودی عرب کی سکیورٹی صورتحال اور اس کو درپیش خطرات کا جائزہ لیا۔ سعودی عرب میں سول و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی اور شہریوں کے دفاع کے لیے سعودی فورسز کی مستعدی کی تعریف کی۔ فوجی تعاون اور انٹیلی جنس بڑھانے کے لیے طریقوں پر غور کیا گیا اور مشترکہ دفاعی ڈٹرنس مضبوط بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ ان تینوں مسلم ممالک مابین بڑھتے ہوئے دفاعی اور تزویراتی تعلقات یقیناً خوش آئند ہیں لیکن مکہ دفاعی معاہدے کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے ایران سمیت دیگر مسلم ممالک کو بھی اس میں شامل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ دنیا کو یہ بتایا جاسکے کہ مسلم ممالک تقسیم نہیں ہیں اور وہ اپنی سلامتی اور قیامِ امن کے لیے متحد اور یک جہت ہیں۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ اس وقت مشرقِ وسطیٰ میں جو صورتحال بنی ہوئی ہے اس کے بگڑنے کی سب سے بڑی وجہ مسلم ممالک کے ایک دوسرے سے پیچیدہ تعلقات ہیں۔ اگر آج مسلم ممالک باہمی اختلافات بھلا کر ایک دوسرے کے ساتھ ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو جائیں تو ان کے مسائل حل ہونا شروع ہو جائیں گے اور ایسے ملک جو ان کے اختلافات کی وجہ سے فائدہ اٹھا رہے ہیں ان کے مذموم عزائم اپنی موت آپ مر جائیں گے۔ عالمی نقشے دیکھیں۔

بقیہ 1

کے باعث سڑک کی صورتحال روز بروز مزید خراب ہوتی جارہی ہے۔ شہریوں نے محکمہ بی اینڈ آر کی کارکردگی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ محکمے کی مبینہ غفلت، لاپروائی اور عدم توجہی کے باعث عوام کو شدید سفری مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کے مطابق بسیمہ شہر سے درگ والی تک سڑک پر تیل بردار گاڑیوں سمیت بھاری ٹریفک کا شدید دباؤ ہے، جس کے باعث سڑک کے دونوں اطراف اور متعدد مقامات پر بڑے بڑے گڑھے پڑ چکے ہیں۔ بعض مقامات پر سڑک کی حالت اس قدر خراب ہوچکی ہے کہ گاڑیوں کو گڑھوں سے بچاتے ہوئے ڈرائیوروں کو شدید مشکلات پیش آتی ہیں، جبکہ مخالف سمت سے آنے والی گاڑیوں کے باعث حادثات کا خطرہ مزید بڑھ جاتا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ اس شاہراہ پر ٹریفک کے شدید دباؤ اور سڑک کی خستہ حالی کے باعث ماضی میں متعدد حادثات رونما ہوچکے ہیں، جن میں کئی قیمتی انسانی جانیں بھی ضائع ہوچکی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سڑک کی مناسب دیکھ بھال، بروقت مرمت اور خطرناک مقامات کی نشاندہی و اصلاح کی ذمہ داری محکمہ بی اینڈ آر پر عائد ہوتی ہے

بقیہ 2

سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او اعجاز احمد نے کہا کہ امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کے خاتمے اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے، شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی یا مسئلے کی بروقت اطلاع پولیس کو دیں، جبکہ امن وامان کے حوالے سے عوام کی مفید تجاویز کا ہر وقت خیر مقدم کیا جائے گا۔ ایس ایچ او اعجاز احمد نے وفد کو یقین دلایا کہ علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور عوامی شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جائے گا۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے ایس ایچ او اعجاز احمد کی جانب سے علاقے میں امن وامان کے قیام اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی بہتر امن کی بنیاد بن سکتا ہے

بقیہ 3

فروغ اور پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات قائم ہیں، جنہیں مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے ذریعے مزید مستحکم کیا جارہا ہے، انہوں نے صحت، تعلیم اور کاروباری شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر معروف بزنس مین چوہدری اجمل نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور صحت کے شعبے میں روابط کے فروغ دینے کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔

بقیہ 4

سب فارم، فیملی رجسٹریشن اور دیگر ضروری دستاویزات سے متعلق امور کے سلسلے میں پہنچتے ہیں، جن کی رہنمائی اور معاونت کے لیے نادرا عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گنداخہ ایک وسیع علاقے پر مشتمل ہے جہاں دور دراز دیہات اور مختلف علاقوں سے شہری نادرا سے متعلق کاموں کے لیے مرکز کا رخ کرتے ہیں۔ ایسے میں نادرا انچارج اختر علی جمالی کی جانب سے سائلین کی رہنمائی، ان کے مسائل سننے اور دستیاب سہولیات کے ذریعے کام مکمل کرنے میں تعاون قابلِ تحسین ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ خصوصاً خواتین، بزرگ شہریوں اور دور دراز علاقوں سے آنے والے افراد کو نادرا کے طریقہ کار اور ضروری دستاویزات کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنا اہم خدمت ہے، جبکہ نادرا انچارج اور ان کی ٹیم سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے انہیں ممکنہ سہولت فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ شہریوں نے کہا کہ نادرا جیسے اہم ادارے میں عملے کا عوام کے ساتھ اچھا رویہ اور بروقت رہنمائی شہریوں کی مشکلات کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے نادرا انچارج اختر علی جمالی اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ عوام کو اسی طرح بہتر سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا

بقیہ 5

غلام سرور رند کی نگرانی میں شہر کے مختلف وارڈوں میں ترقیاتی منصوبوں کو بہتر انداز میں عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے کاموں میں مصروف ہے۔ میونسپل کمیٹی حکام کے مطابق شہر کی گلیوں، سڑکوں اور مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ شہری مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی بہتری پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ شہریوں نے شہر کی صفائی اور ترقیاتی کاموں کے لیے جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ سلسلہ مستقبل میں بھی اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔ چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کا کہنا ہے کہ گنداخہ شہر کی خوبصورتی، صفائی، ترقی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی میونسپل کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے، اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 6

منصوبوں کی بروقت تکمیل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر ویسٹ منیر احمد درانی، پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی رفیق بلوچ، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی عابد حسین سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ منصوبوں کی راہ میں حائل رکاوٹوں، فنڈز کے اجرا، لینڈ ایکوزیشن اور تنجاوزات سمیت دیگر امور پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی رفیق بلوچ نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پی ایس ڈی پی کے تحت کیو ڈی پی کے 12 ترقیاتی منصوبے مکمل ہوچکے ہیں جبکہ 7 منصوبوں پر کام جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے علاوہ 6 نئے منصوبے بھی پی ایس ڈی پی میں شامل کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سریاب روڈ، سبزل روڈ، قمبرانی روڈ، ایریلیشن بلڈنگ روڈ سیفٹی ورکس، ریڈیو پاکستان لنک روڈ، لنک بادینی روڈ، سرکی روڈ، انسکمپ روڈ اور پبلک اسپیس کی تعمیر سمیت متعدد منصوبے مکمل کیے جاچکے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سبزل، سمنگلی روڈ برج، زرغون روڈ توسیعی منصوبے، سروس روڈ، سریاب اور سمنگلی روڈ کی بہتری کے منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ اس کے علاوہ انڈر پاس سبزل آسٹنی روڈ، اے جی انس پارکنگ، یوٹیلیٹی کوریڈور اور ایئرپورٹ روڈ بیوٹیفکیشن کے منصوبوں پر بھی جلد کام شروع کیا جائے گا۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر نے مزید بتایا کہ نئے شامل کیے گئے منصوبوں میں ایئرپورٹ روڈ برج کی تعمیر، پشین اسٹاپ تا چمن پھاٹک تک فزیبلیٹی سروے، اے جی آفس پارکنگ کی تعمیر، ایئرپورٹ روڈ پر پیڈسٹرین برج اور سریاب روڈ پر فلائی اوور سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری منصوبوں کی تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل پر قابو پانے میں مدد مل رہی ہے جبکہ شہر کی خوبصورتی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی بھی ممکن ہورہی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے کہا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج ایک اہم منصوبہ ہے، جس کی تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ شہری انفراسٹرکچر میں بہتری اور شہر کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا۔

بقیہ 7

کے تفصیلی بریفنگ لیدکی: ڈویژنل ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ نے سپرنٹنڈنٹ ملک نجیب اللہ خان کاکڑ کے ہمراہ ضلع دکی کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا معائنہ کیا، کلاس رومز کا جائزہ لیا، طلبائے اسباق سنے اور تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور طلباء کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لیا ڈویژنل ڈائریکٹر نے گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول دکی کا دورہ کرتے ہوئے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلبائے ان کے نصابی اسباق سنے۔ انہوں نے طلباء سے مختلف سوالات بھی کیے اور ان کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عبد الواسع خان کاکڑ نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے اور ملک کی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے۔ ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ بچوں کو معیاری اور بہتر تعلیم فراہم کی جائے تاکہ یہی بچے مستقبل میں ڈاکٹر، انجینئر، پروفیسر، پائلٹ، سائنسدان اور دیگر شعبوں کے ماہر بن کر اپنے علاقے، صوبے اور ملک کی خدمت کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم حقیقی معنوں میں ترقی کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنانا ہوگا۔ دنیا میں جن قوموں نے ترقی اور خوشحالی حاصل کی، انہوں نے تعلیم، تحقیق اور علم کو بنیاد بنایا۔ آج کا طالب علم ہی کل کا معمارِ قوم ہے، اس لیے اساتذہ اور والدین دونوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بچوں کی تعلیم و تربیت پر بھرپور توجہ دیں دورے کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹر نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دکی سید امیر شاہ بخاری کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہیں ضلع دکی کے تعلیمی معاملات، سرکاری سکولوں کی صورتحال، اساتذہ و طلبا کی کارکردگی اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس کے بعد ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فیمیل دکی کے دفتر کا دورہ کیا گیا، جہاں انہیں گرلز مڈل سکولوں اور خواتین کے تعلیمی اداروں سے متعلق صورتحال، تعلیمی سرگرمیوں اور دیگر امور کے بارے میں بریفنگ دی گئی ڈویژنل ڈائریکٹر نے ڈسٹرکٹ افیسر ایجوکیشن دلی اشوکمار مڈل بوائز سکولوں سے متعلق متعلقہ تعلیمی دفتر کا بھی دورہ کیا، جہاں انہیں مڈل بوائز سکولوں کی تعلیمی صورتحال، اساتذہ کی کارکردگی، طلبا کی حاضری اور تدریسی نظام کے حوالے سے تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں

بقیہ 8

وفاقیت، صوبائی تنظیم نو اور گورننس کے مستقبل کے عنوان پر ایک فکری و علمی مباحثے کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے کی، جبکہ نظامت کے فرائض ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز ذجا کر حیدر نے انجام دیے۔ نشست میں فیکلٹی آف لاء کے ڈین ڈاکٹر مظفر حسین اور شعبہ سیاسیات کے چیئرپرسن چنگیز احمد نے بطور مرکزی مقررین شرکت کی۔ اس موقع پر رجسٹرار کنگزار بلوچ، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز، اعجاز احمد اور طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ اس علمی مباحثے میں وفاقی ساخت، نئے صوبوں کے قیام اور آئینی و انتظامی ڈھانچے پر منطقی اور تعمیری گفتگو کی گئی۔ یہ علمی نشست یونیورسٹی کے اسٹریٹجک پلان 2030 کے تحت اسٹوڈنٹ کلبز اور سوسائٹیز کو فعال بنانے اور طلبہ میں تنقیدی سوچ کے ساتھ ساتھ دلیل کی بنیاد پر گفتگو کی صلاحیت پیدا کرنے کی ایک کڑی تھی۔ اس کے علاوہ اس علمی مباحثے میں وفاقی نظام حکومت کی تاریخی پس منظر، آئین سازی اور مرکز و صوبوں کے درمیان اختیارات کی تقسیم پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی

بقیہ 9

اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان اور ان کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے فیز-I، فیز-II اور فیز-III کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ منصوبوں کی تکمیل میں درپیش مسائل، مختلف محکموں کے درمیان رابطہ کاری اور ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے حوالے سے بھی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں گورنمنٹ کنٹریکٹرز کے بلوں کے عمل، زیر التوا ادائیگیوں اور متعلقہ محکموں کی جانب سے بلوں کی بروقت تکمیل سمیت دیگر امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ BSDI کے تحت جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جائے

بقیہ 10

داخل کرانے، داخلہ مہم کامیابی سے چلانے اور بند سکولوں کو دوبارہ فعال بنانے پر ایوارڈ ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں حاجی صالح محمد کاکڑ نے کہا کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزیر محترمہ راحیلہ حمید خان درانی اور محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے حیدر خان ناصر کی تعلیمی خدمات کا اعتراف خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان ناصر نے زرغون ٹان میں تعلیمی اداروں کی بہتری، بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے اور بند سکولوں کو فعال بنانے کیلئے قابل قدر اقدامات کیے ہیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں اور بڑی تعداد میں بچے دوبارہ تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان ناصر کی جانب سے اساتذہ کرام کے ساتھ خوش اخلاقی اور مثبت رویے کے ساتھ ساتھ سکولوں سے متعلق مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات قابل تحسین ہیں۔ ٹان کے اندر بند سکولوں کو فعال بنانے اور تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی ان کی محنت کا واضح ثبوت ہے۔ حاجی صالح محمد کاکڑ نے امید ظاہر کی کہ سکولوں میں اساتذہ کی کمی، سروس بلس اور دیگر انتظامی امور کے حل کیلئے بھی حیدر خان ناصر اپنی کاوشیں جا

بقیہ 1

عام کرنے کا غیر آئینی، غیر قانونی اور ناروا عمل جاری ہے جس کے ذریعے نہ صرف میوہ جات، سبزیات کو ضائع کیا جارہا ہے بلکہ ملک کے دیگر صوبوں واضلاع تک منڈی میں بروقت رسائی میں تاخیر ہونے، خراب ہونے کے باعث ویلو کم ہونے، قیمتوں میں شدید کمی، نوسیلے پیخ (راٹ) مارنے سے فروٹ کے ڈبے پھٹ جانے، سیب ودیگر میوہ جات وسبزیات خراب ہوجانے اور مارکیٹ میں پھران کا کوئی خریدار نہیں ہوتا جس سے ہمارے صوبے کے زمینداروں کو نقصانات سے دوچار کیا جارہا ہے۔اسی طرح (آج) بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگی، ملاقات میں ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق پیرسٹر گوہر سپیکر سے موجودہ صورتحال میں اپنا کردار ادا کرنے کو کہیں گے۔سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کل گوجرانوالہ کا بھی دورہ کریں گے، جہاں وہ محمود بشیر ورک کے انتقال پران کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کریں گے۔

بقیہ 6

کیلئے حکومت کو موجودہ کراس سبسڈی کا نظام ختم کرکے کم آمدن والے گھرانوں کیلئے بدنی مالی معاونت کی خاطر تقریباً 162ارب روپے مختص کرنا ہوں گے۔مجوزہ اصلاحات کے تحت پاکستان میں رائج گیس کے 12 سلیب پر مشتمل ٹیرف نظام ختم کردیا جائے گا جس کے تحت صارفین ماہانہ گیس کی کھپت کے مطابق مختلف نرخ ادا کرتے ہیں، اس کے بجائے تمام صارفین کے زمروں کو بتدریج تقریباً 1708روپے فی ایم ایم بی یو کے یکساں اوسط ٹیرف کی جانب منتقل کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق کم آمدن مستحق افراد کو گیس کے بجائے آمدنی کی بنیاد پر سبسڈی دینے کی تجویز ہے، گیس سبسڈی کا موجودہ نظام ختم کر کے آمدنی کو ریلیف کا معیار بنانے کی تجویز ہے۔خیال رہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف سے کراس سبسڈی ختم کرنے کا وعدہ کر رکھا ہے، گیس سبسڈی کو کھپت کے بجائے آمدنی سے منسلک کرنے کی تجویز ہے، گیس پر ریلیف حاصل کرنے کے لیے گھریلو آمدنی معیار بنے گی، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے صارفین کی مالی معاونت کی جائے گی۔موجودہ نظام میں کم استعمال کرنے والے صارفین انتہائی کم نرخ پر گیس حاصل کر رہے ہیں، پروٹیکڈ صارفین 200 سے 350روپے فی ایم ایم بی ٹی یونیک گیس استعمال کر رہے ہیں، کراس سبسڈی ختم کرنے کیلئے بجٹ میں 162ارب روپے مختص کیے جائیں گے۔نئی پالیسی لاگو ہونے سے گھریلو صارفین کے نرخوں میں نمایاں اضافہ متوقع ہے جبکہ صنعتی اور تجارتی شعبے کیلئے گیس نرخوں میں نمایاں کمی کا امکان ہے۔

بقیہ 7

کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوا ہوتا تو ہم بھی دیگر ابھرتی ہوئی معیشتوں کی طرح تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکے ہوتے، ہم اس چیلنج سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی اور قیام امن کے لیے بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔وہ منگل کو لندن سٹاک ایکسچینج کی مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کے دوران خطاب کر رہے تھے۔شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم ہیں جن کو لندن سٹاک ایکسچینج ٹریڈنگ اوپننگ کا اعزاز حاصل ہوا۔لندن سٹاک ایکسچینج آمد پر لندن سٹاک ایکسچینج گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈیوڈ شومر اور سینئر حکام نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔اس موقع پر پاکستان کے 3ارب ڈالر کے Dual Tranche یورو بانڈز لسٹنگ کی بھی تقریب رونمائی منعقد ہوئی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ لندن سٹاک ایکسچینج کی اس تقریب کا افتتاح کرنا میرے لیے باعث مسرت اور اعزاز ہے، یہ تقریب یقیناً پاکستان کی معیشت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگی، میں یہ بات اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے اپنے معاشی اشاریوں کو نمایاں طور پر بہتر کیا ہے جو مستقبل کے لیے نہایت حوصلہ افزا اور امید افزا ہیں۔انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں وزیرخزانہ اور ان کی ٹیم کی جانب سے تین ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈز اور خودمختار قرضوں کے انتظام کی کامیابی اس امر کی واضح مثال ہے، یہ ہماری بھرپور محنت، گہری اور بنیادی نوعیت کی ساختی اصلاحات، معیشت کو ڈیجیٹل بنانے اور معیشت کو دوبارہ درست سمت میں گامزن کرنے کے لیے کیے گئے تمام ضروری اقدامات کا عملی ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوا ہوتا تو ہم بھی دیگر ابھرتی ہوئی معیشتوں کی طرح تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکے ہوتے، ہم اس چیلنج سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی اور قیام امن کے لیے بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نیامید ظاہر کی کہ ہم اسی سمت میں اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، یہاں تک کہ ہم ایک محفوظ اور مستحکم مقام تک پہنچ جائیں۔انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر وزیرِ خزانہ، دیگر متعلقہ اقتصادی وزراء، سیکرٹریز اور حکومتی افسران کی کاوشوں کو سراہتا ہوں جنہوں نے ہماری معیشت کی تعمیر اور بہتری کے لیے قابل ذکر کام کیا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ خلیجی بحران کے تناظر میں ہم نئے اسباق سیکھیں، سرمایہ کار اب محفوظ تر منڈیوں کا جائزہ اور تجزیہ کر رہے ہیں اور پاکستان ایک ایسی منڈی ہے جہاں ہم غیر ملکی سرمایہ کاری کو با آسانی راغب کر سکتے ہیں۔ یہ سرمایہ کاری انتہائی منافع بخش، باہمی طور پر فائدہ مند، محفوظ اور مستحکم ہو سکتی ہے۔اس سلسلے میں ہمارے وزیرخزانہ اور دیگر اہم ارکان اقتصادی ٹیم کے ساتھ قریبی رابطے میں رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم یقینی طور پر آپ کی رہنمائی اور مشورہ حاصل کرنا چاہیں گے کہ بین الاقوامی مالیاتی منڈیوں کو پاکستان میں مزید فعال کردار ادا کرنے کے لیے کس طرح راغب کیا جا سکتا ہے۔یہ کردار صرف خودمختار قرضوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ سرمایہ کاری کے میدان میں بھی ہونا چاہیے، پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع انتہائی پرکشش ہیں

بقیہ 8

کے لیے ایوان کی کارروائی کا باقاعدہ ایجنڈا بعد میں جاری کیا جائے گا، اجلاس کے دوران وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات بھی ہونے کا امکان ہے۔حکام نے قانون سازی کے لیے مختلف بلز ایوان میں پیش ہونے کا عندیہ دیدیا، قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹس، آرڈیننسز اور دیگر دستاویز ایوان میں پیش ہوں گی۔اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی امور بھی زیر بحث آئیں گے۔

بقیہ 9

کی کابینہ کو جاتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر 32 کلومیٹر فاصلے پر نئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن قومی اسمبلی و پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی، وزیرصحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیرتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی وزیرمنصوبہ بندی میر ظہور بلیدی، وزیرتعلیم راحیلہ حمید درانی، وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، وزیرخوراک حاجی نور محمد دمڑ، وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، ارکان اسمبلی ڈاکٹر مالک بلوچ، ملک نعیم بازئی، سید ظفر علی آغا، میر عبید گورگیج، صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری، مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل، مشیر کھیل مینا مجید بلوچ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر اور دیگر حکام و سیاسی رہنما موجود تھے۔محمد حنیف عباسی نے کہا کہ تقریب میں تو قعات سے بڑھ کر لوگوں کی شرکت اور ان کے بھرپور جذبے کا اظہار خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمت اور طاقت دی ہے اور وہ اپنی بات کا کھل کر اظہار کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس منصوبے میں چیئرمین ریلوے نے بھرپور تعاون کیا، جبکہ عوام کی موجودگی میں اس منصوبے کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ 78سال کے دوران وزارت ریلوے اور صوبوں کے درمیان رابطوں کا فقدان رہا، تاہم اب تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک رسائی دینے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریلوے پاکستان کسی ایک محکمے یا صوبے کا نہیں بلکہ تمام پاکستانیوں کا ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بھی ملاقات کی، جس میں وزیراعظم نے واضح کیا کہ ریلوے کی سہولیات تک تمام صوبوں کی رسائی یقینی بنائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور بلوچستان نے سب سے پہلے آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کیا، جس پر انہیں بے حد خوشی ہے۔محمد حنیف عباسی نے کہا کہ اس منصوبے پر خوشی مجھ سمیت ہر اس پاکستانی کو ہے جو بلوچ، پشتون، سندھی، سرائیکی اور پنجابی سمیت تمام قومیتوں کو پاکستان کے ماتھے کا جھومر سمجھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان، اس کے

بقیہ 4

محسن نقوی کی اہم ملاقات بلاول ہاؤس کراچی میں ہوئی۔ذرائع نے بتایا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیرداخلہ محسن نقوی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 5

مانگ لیا۔سپیکر قومی اسمبلی نے رابطے پر جواب دیا کہ میں اپنے حلقے لاہور میں ہوں، (آج) بدھ کو آؤں گا۔ذرائع کے مطابق پیرسٹر گوہر اور سپیکر ایاز صادق کی ملاقات (آج) بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگی، ملاقات میں ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق پیرسٹر گوہر سپیکر سے موجودہ صورتحال میں اپنا کردار ادا کرنے کو کہیں گے۔سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کل گوجرانوالہ کا بھی دورہ کریں گے، جہاں وہ محمود بشیر ورک کے انتقال پر ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کریں گے۔

بقیہ 10

سے آنے والوں کو عوام کی فکر ہوتی ہے، 4اکتوبر کو لانگ مارچ لازمی ہوگا، کوئی دھمکی، بندوق یا ڈنڈا ہمیں ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹا سکتا، ہمارا مقصد بڑا ہے، کرسی کی کوئی اہمیت نہیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا عوامی مینڈیٹ سے آنے والے 11 ارب کا جہاز اور لگژری گاڑیاں نہیں منگواتے، ایس سی او کانفرنس کیلئے وفاقی حکومت نے 6ارب کی گاڑیاں منگوائیں، پاکستان قرضوں میں ڈوبا ہوا ہے، یہ چور دروازوں سے آئے، ان کو عوام کی کوئی فکر نہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا پنک بسوں میں خواتین کا 25فیصد کرایہ کم ہوگا، خیبر پختونخوا میں چادر اور چار دیواری کی پامالی نہیں ہوتی، ہر شہری کی عزت ہے، ہم کبھی یہ نہیں کہیں گے ہمیں تین صوبوں سے خطرہ ہے اور نہ ہی ان کی طرح ڈان لیکس کریں گے۔سہیل آفریدی نے کہا وعدہ کیا تھا یہ سال خیبر پختونخوا کے لیے ترقی اور خوشحالی کا سال ہوگا، تین مسخرے ٹی وی پر بیٹھ کر ہمارے شہدا کی توہین کرتے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فوج اور پولیس کے جوان شہید ہوئے، دہشت گردی کی وجہ سے خیبر پختونخوا کے لوگوں کا خون بہہ رہا ہے۔وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا اس دفعہ بند کمروں کی پالیسی نہیں چلے گی، پالیسی تبدیل ہوگی تاکہ خیبر پختونخوا کے لوگوں کا خون نہ بہے، اگر ضرورت پڑی تو بغاوت کریں گے۔سہیل آفریدی نے کہا 4اکتوبر کو لانگ مارچ ہوگا، کوئی دھمکی، بندوق یا ڈنڈا ہمیں ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹا سکتا۔ہمارا مقصد بڑا ہے، کرسی کی کوئی اہمیت نہیں۔انہوں نے کہا جو آپ کے کندھوں پر بیٹھ کر اقتدار میں آتے ہیں ان کو ڈرا، ہمیں نہیں۔لانگ مارچ میں عوام کا سمندر نکلنا ہے، جب لوگ نکلیں گے تو پاکستان کی تاریخ اور تقدیر بدلے گی۔وزیراعلیٰ کے مطابق ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں آگے، آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا، پی ٹی آئی نے 4اکتوبر کو پشاور سے لانگ مارچ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 11

ماں اپنے لختِ جگر کا ذکر کرتے ہوئے کبھی اس کی یادوں کو یاد کر کے مسکراتی دکھائی دیتی ہے تو کبھی آنکھوں میں آنسو چہرے پر پھیلے کی محبت، فخر اور جدائی کا دکھ بیک وقت نمایاں ہے۔خواجہ محمد آصف نے شہید جوان کی والدہ کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے اپنے پیغام میں لکھا کہ ان ماؤں کا احسان یاد رکھیں جنہوں نے اپنے لال وطن پر قربان کردیے، ان سہاگنوں کو یاد رکھیں جنہوں نے اپنا سہاگ وطن پر وار دیا اور ان بچوں کو یاد رکھیں جو باپ کی شفقت سے محروم ہوگئے۔دعا ہے اللہ ان شہیدوں کے طفیل وطن کو امن عطا فرمائے اور اسے قائم ودائم رکھے۔آمین۔

بقیہ 12

متعدد افراد زخمی ہوگئے۔عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی ڈرون نے ایک رہائشی اپارٹمنٹ کو نشانہ بنایا۔الشفا ہسپتال کے ذرائع نے حملے میں ایک فلسطینی کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق کی ہے۔حملے کے بعد سامنے آنے والی فوٹیج میں طبی امدادی کارکنوں کو شدید زخمی بچوں کا علاج کرتے دیکھا گیا ہے۔

بقیہ 13

نے دعویٰ کیا ہے کہ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کیلوگوں نے رابطہ کر کیکہا خدارا کوئی راستہ نکالیں۔ایک انٹرویو میں وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ وفاقی حکومت کا خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانے کا باضابطہ فیصلہ سامنے نہیں آیا، گورنر راج یا ایمرجنسی لگانیکا آئینی آپشن موجود ہے۔بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ یہ تاریخ پر تاریخ والا سوال ہے اس سے آگے کوئی چیز نہیں، یہ 4اکتوبر سیٹھیں آگیجائیں گے، پی ٹی آئی کی تیاری نہ پہلے مکمل تھی نہ اب ہے، پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کیلوگوں نیہفتے کو رابطہ کیا اور کہا کہ خدارا کوئی راستہ نکالیں۔

بقیہ 14

دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کر کے دم لیں گے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2دہشت گرد ہلاک ہوئے، دہشت گردوں نے نوکچہ میں خالی واٹر بازر کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی تھی۔فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد ایون 40شاہراہ کے مختلف مقامات پر آتشزدگی کی کارروائیوں میں بھی ملوث تھے، 31اگست کو بھی اسی نوعیت کی تخریبی کارروائیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے 11دہشت گرد مارے گئے تھے۔سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز کی بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔دوسری جانب خیبر پختون خوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فتنہ الخوارج کے 5دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔کارروائی کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو بھی مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا۔دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا ہے۔وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت اور مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا ہے۔انہوں نے خیبر پختونخوا کے قبائلی ضلع خیبر کے علاقے باڑہ میں 5اور بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں 2خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔محسن نقوی نے کہا کہ خوارجی دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مسلسل اور کامیاب کارروائیوں کو پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان اور افسران ہمارا فخر ہیں اور پوری قوم کو اپنے محافظوں پر ناز ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان شاءاللہ عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

بقیہ 15

وہ وقت زیادہ دور نہیں جب بحیرہ عرب بھی دشمن سے پاک ہوجائے گا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق آیت اللہ خمینی خامنہ ای نے یہ بات ویٹیکن ویک اور حزب اللہ کے شہید سربراہ سید حسن نصر اللہ کی دوسری برسی کے موقع پر جاری بیان میں کہی۔خمینی خامنہ ای نے کہا کہ بعض لوگ اب ایران کو چوتھی سپر پاور کہتے ہیں تاہم اللہ نے چاہا تو یہ سب سے بڑی طاقت ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں دشمن نے جنوبی ایران کے دونوں جانب سمندر کو کھیل کا میدان بنایا ہوا تھا مگر ہرمز کا دفاع کرنے والوں کی وجہ سے اب وہ بحیرہ عرب سے آگے بڑھنے کی جرات نہیں کرتے۔خمینی خامنہ ای کا کہنا تھا کہ ایران اس دور میں بھی نہیں لوٹے گا جو دشمن دیکھنا چاہتا ہے۔ایران کے سپریم لیڈر نے سید حسن نصر اللہ کو ہیرو عرب کمانڈر اور مزاحمتی محاذ کی عظیم علامت قرار دیا۔

بقیہ 16

نہیں ہوگی، ہمیں پاکستان اور خیبر پختونخوا میں امن لانا ہے۔میڈیا سے گفتگو میں فیصل کریم کنڈی نے تحریک انصاف کو لانگ مارچ کرنے کا چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ نہیں کرسکتی، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے چھپ رہے ہیں، جب میدان سجے گا تو پھر بات ہوگی۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ یہ صرف میڈیا پر بڑھکیں مارتے ہیں، یہ چھپنے کے لیے گرفتاریاں دے رہے ہیں، عوام ان کے ساتھ نہیں۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کو کنٹرول کیا جائے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو نہیں چھوڑا جائے گا، خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کو کنٹرول کرنا پی ٹی آئی کے بس کی بات نہیں۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آئین میں گورنر راج نافذ کرنے کا آپشن موجود ہے۔

بقیہ 17

بھی متحرک ہوگئے ہیں جبکہ ممکنہ تبدیلی کی صورت میں وزارت عالیہ کے لیے ناراض گروپ اپنا امیدوار لانے کے لیے بھی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔میڈیا رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ اگر کسی وجہ سے سہیل آفریدی کو وزارت عالیہ سے ہٹانے کی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو پی ٹی آئی کے اندر موجود ناراض گروپ اپنے گروپ سے کسی رکن کو وزیراعلیٰ بنانے کی کوشش کرے گا۔ناراض گروپ کے 30 سے زائد ارکان ہونے کا دعویٰ کیا جارہا ہے اور گروپ کی جانب سے ممکنہ سیاسی تبدیلی کی صورت میں اپنے امیدوار کو سامنے لانے پر مشاورت جاری ہے۔ذرائع کے مطابق سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور سے وابستہ ارکان بھی متحرک ہوگئے ہیں۔گنڈاپور گروپ کی خواہش ہے کہ علی امین گنڈاپور دوبارہ وزیراعلیٰ بنیں تاہم اگر ایسا ممکن نہ ہوا تو ان کے گروپ سے کسی دوسرے رکن کو وزیراعلیٰ کا امیدوار بنانے پر غور کیا جاسکتا ہے۔ذرائع کے مطابق ناراض ارکان کے گروپ نے ایک اجلاس بھی طلب کیا ہے جس میں ممکنہ طور پر وزارتِ اعلیٰ میں تبدیلی کی صورتحال اور اپنے گروپ کے امیدوار کے حوالے سے مشاورت کی جائے گی۔علاوہ ازیں یہ کوشش بھی کی جارہی ہے کہ ناراض گروپ کو متحد رکھا جائے کیونکہ یہ گروپ علی امین گنڈاپور اور سہیل آفریدی دونوں کے ادوار کی کابینہ میں نظرانداز ہوا ہے۔ذرائع کے مطابق اگر سہیل آفریدی اپنی وزارت اعلیٰ برقرار رکھنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو پی ٹی آئی کی جانب سے اسلام آباد لانگ مارچ کے لیے دوبارہ مہم شروع کی جائے گی اور وہی مہم ناراض ارکان اور علی امین گنڈاپور گروپ کی جانب سے بھی شروع ہوگی۔

بقیہ 18

گیا ہے جبکہ 7بچوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال مری منتقل کیا گیا ہے، دریں اثنا ریسکیو اور پولیس مشترکہ امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ڈی پی او مری رضا تنویر کے مطابق وین میں 2نجی اسکولوں کے بچے سوار تھے۔متاثرہ بچوں میں 8سالہ ارحم ولد علی نواز تقریباً 38فیصد جھلسنے سے زخمی ہوا جبکہ 8سالہ حسن طالب ولد محمد طالب کو تقریباً 26فیصد جھلسنے کے باعث گہرے زخم آئے ہیں۔اسی طرح عائشہ دختر کلیم تقریباً 42فیصد جھلسنے کے زخموں سے شدید متاثر ہوئی ہے۔پولیس کے مطابق باقی 8 بچے اس وقت مستحکم حالت میں ہیں، ان 8بچوں میں سے 2بچے جھلسنے سے محفوظ رہے، جبکہ باقی 6بچوں کی 10 فیصد سے کم جھلسنے کے زخم آئے ہیں۔امدادی کارروائی کے دوران گاڑی میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا ہے۔بعد ازاں ڈی پی او مری رضا تنویر سیرانے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال مری میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بدقسمتی سے اسکول وین حادثے کا شکار ہوگئی، جس کی وجہ بریک فیل ہونا بتائی گئی ہے، حادثے کے فوری بعد وین میں آگ لگ گئی، جس میں 4بچوں کا جسم 25فیصد سے زیادہ جل گیا۔انہوں نے بتایا کہ زیادہ متاثر بچوں کو راولپنڈی کے ہسپتال میں ریفر کیا گیا ہے۔وین میں 12 بچے سوار تھے، جن کو وین والے نے مختلف علاقوں سے پک کیا۔ابتدائی طور پر بچوں کو فرسٹ ایڈ فراہم کردی گئی تھی، 8 معمولی جلنے والے بچوں کا ڈی ایچ کیو ہسپتال مری میں علاج کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ 2ماہ پہلے بھی مری میں وین میں آگ لگنے کا افسوسناک واقع پیش آیا تھا۔اس واقع کے بعد ہم گاڑیوں کی فٹنس چیکنگ لوکل شاہراہوں تک لے کر جائیں گے۔ ڈی پی او مری کے مطابق دیہاتوں کے اندر چلنے والی گاڑیوں کی فٹنس بھی چیک کریں گے تاکہ ایسے واقعات کو روکا جاسکے۔

بقیہ 19

قرضوں کی حد 50لاکھ روپے کرنے کی تجویز دیدی۔ایس ای سی پی کے مطابق مجوزہ ترامیم شراکت داروں کی مشاورت کے لیے جاری کردی گئی ہیں، جن میں مائیکرو فنانس قرض کے لیے سالانہ آمدن کی حد 12لاکھ سے بڑھا کر 15لاکھ روپے کرنے کی تجویز شامل ہے۔اسی طرح چھوٹے کاروباروں کے لیے سالانہ ٹرن اوور کی حد 3کروڑ روپے سے بڑھا کر 40 کروڑ روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔علاوہ ازیں درمیانے کاروباروں کے لیے سالانہ ٹرن اوور کی حد 40 کروڑ روپے سے بڑھا کر 2ارب روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ایس ای سی پی کے مطابق ایس ایم ایز کے لیے تجویز کردہ حدود اسٹیٹ بینک کی حالیہ تبدیلیوں سے ہم آہنگ ہیں۔

بقیہ 20

والوں پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ذرائع کے مطابق یکم اکتوبر سے ملک میں لیٹ فائلر کی کلنگری کو مکمل طور پر ختم کیا جارہا ہے۔ذرائع کے مطابق تاخیر سے گوشوارے جمع کروانے پر جرمانہ ایک ہزار روپے سے بڑھا کر 25ہزار روپے تک ہوگا، لیٹ فائلر اے او پی کا جرمانہ 10ہزار کے بجائے 50ہزار روپے وصول ہوگا جبکہ کمپنیوں کے لیے جرمانہ 20ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ روپے وصول کیا جائے گا۔ترجمان ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے، ٹیکس ریٹرنز کے ساتھ متعلقہ دستاویزی ثبوت بھی فراہم کیے جائیں۔ترجمان کے مطابق اثاثوں سے متعلق معلومات چھپانے اور غلط تفصیلات دینے پر کارروائی ہوسکتی ہے جبکہ واجب الادا رقم کی وصولی کے لیے بینک اکاؤنٹس سمیت دیگر ذرائع بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 21

وسیع ایجنڈے پر مشاورت جاری ہے۔اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کا شیڈول طے کرنے کیلئے حکومت خود رابطہ کرے گی۔ اپوزیشن لیڈر کی جانب سے چارٹر آف ڈیمانڈ وزیراعظم کے سامنے رکھا جائے گا۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی وطن واپسی کے بعد ملاقات میں اہم سیاسی امور پر بات ہوگی۔پارلیمانی امور اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔اپوزیشن لیڈر آئین وقانون کی بالادستی اور پارلیمان کے استحکام پر زور دیں گے۔ذرائع کے مطابق بانی چیئرمین کی ملاقاتوں اور علاج کی سہولت فراہم کرنے کا مطالبہ دہرایا جائے گا۔۔ملاقات میں چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تعیناتی کا معاملہ بھی زیر بحث آئیگا۔وزیراعظم شہباز شریف اپوزیشن لیڈر سے چیف الیکشن کمشنر سے تین نام مانگیں گے۔

بقیہ 22

کو کے اعلیٰ حکام سے الگ الگ ملاقاتیں کیں جس میں پاکستان کے معاشی اصلاحاتی ایجنڈے، معاشی استحکام، سرمایہ کاری کے سازگار ماحول اور عالمی مالیاتی شعبے کے ساتھ تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق بارکلیز کے ہیڈ آف پرائیویٹ بینک اینڈ ویلتھ مینجمنٹ یو کے محمد کمال سید سے ملاقات میں وزیراعظم نے پاکستان میں بینک کی دلچسپی کا خیر مقدم کیا۔وزیراعظم نے انہیں حکومت کی جانب سے معاشی استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا اور بارکلیز کو پاکستان کے مالیاتی شعبے اور کاروباری مواقعوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔جے پی مورگن کے شریک چیف ایگزیکٹیو تھیوڈور ولفو کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات میں سرمایہ مارکیٹس، تجارتی فنانسنگ اور انویسٹمنٹ بینکنگ کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر گفتگو ہوئی۔وزیراعظم نے جے پی مورگن کو پاکستان میں اپنی سرگرمیوں اور موجودگی کو مزید وسعت دینے کی دعوت دی۔وفد نے پاکستان کے خودمختار قرضہ جات کی کیپٹل مارکیٹس اور کارپوریٹ بینکنگ کے شعبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا۔سٹی کے چیف کلائنٹ آفیسر ڈیوڈ یونگ اسٹون کی قیادت میں اعلیٰ حکام سے ملاقات میں وزیراعظم نے پاکستان میں بینک کی طویل عرصے سے موجودگی کو سراہا اور کارپوریٹ و ادارہ جاتی بینکنگ کی خدمات کو مزید وسعت دینے کی حوصلہ افزائی کی۔بلیک راک کے ایمرجنگ مارکیٹس اینڈ فرنٹیئرز کے شریک سربراہان گورڈن فریزر اور سیم ویچ جبکہ پورٹ فولیو مینیجر و ریسرچ اینالسٹ ایملی فلچر پر مشتمل وفد سے ملاقات میں وزیراعظم نے فرنٹیئر مارکیٹس حکمت عملی کے تحت پاکستانی ایکویٹیز اور فکسڈ انکم میں سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی۔دونوں جانب سے سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے پالیسیوں میں تسلسل کی اہمیت پر زور دیا گیا۔روتھ شیلڈ اینڈ کو کے چیئرز، جیوسٹریٹجک ایڈوائزری لارڈ مارک سیڈول اور ہیڈ آف یو کے انویسٹمنٹ بینکنگ مجید اسحاق سے ملاقات میں پاکستان کی جیو اکنامک ترجیحات اور کیپٹل مارکیٹس و سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے حوالے سے ممکنہ مشاورتی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔تمام ملاقاتوں کے دوران عالمی مالیاتی اداروں کے اعلیٰ حکام نے پاکستان کے معاشی اصلاحاتی عمل میں پیش رفت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ملک کے مالیاتی شعبے کے ساتھ تعاون اور روابط مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ملاقاتوں سے پاکستان کے معاشی اصلاحاتی پروگرام کے حوالے سے عالمی مالیاتی اداروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی اور اعتماد کی عکا

گورنر جعفر خان مندوخیل کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ جنرل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اہم منصوبہ ہے، ذیشان لاشاری

ترقیاتی منصوبوں کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج (QDP) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت، درپیش رکاوٹوں کے خاتمے اور (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

تعلیم معاشرے اور ملک کی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے، عبدالواسع

ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ بچوں کو معیاری اور بہتر تعلیم فراہم کی جائے

لورالائی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ کا ضلع دکی کا اچانک دورہ، تعلیمی اداروں کا معائنہ، طلباء سے سبق سنا اور تینوں تعلیمی دفاتر کا دورہ کر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

لندن، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سٹی گروپ کے سی ای او کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

حکومت کھیلوں سے وابستہ شخصیات کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، شاہد رند

محمد عیسیٰ کراچی کے ضیاء الدین اسپتال میں زیر علاج ہیں ان کے علاج کے لیے حکومت بلوچستان نے معاونت فراہم کر دی

حکومت بلوچستان سابق قومی و عالمی کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود اور علاج معالجے کے لیے اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سابق انٹرنیشنل فٹ بالر محمد عیسیٰ کا علاج سرکاری اخراجات پر شروع کر دیا گیا ہے۔ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بتایا کہ سابق انٹرنیشنل فٹ بالر محمد عیسیٰ کراچی کے ضیاء الدین (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ کا سول سنڈیمن پروانشنل اسپتال کے شعبہ امراض قلب کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منگل کو سول سنڈیمن پروانشنل اسپتال کے شعبہ امراض قلب کا دورہ کیا اور زیر علاج رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے میر رحمت صالح بلوچ کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

چلتی مسافر کوچ پر فائرنگ، مسافر جاں بحق

نصیر آباد (این این آئی) نصیر آباد میں قومی شاہراہ پر چلتی مسافر کوچ پر فائرنگ سے ایک مسافر جاں بحق اور پولیس اہلکار سمیت 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ بجی کے علاقے میں پیش آیا، مسافر کوچ کوئٹہ سے جیکب آباد جا رہی تھی، ڈاکوں نے بس کے نہ روکے جانے پر فائرنگ کی

بسیمہ سے درگ دالی روڑ تباہ حالی کا شکار، بی اینڈ آر کی غفلت پر شہریوں کا شدید احتجاج

بھاری ٹریفک اور بڑے بڑے گڑھوں کے باعث متعدد حادثات، کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں شہری

بسیمہ (نامہ نگار) بسیمہ شہر سے درگ دالی تک جانے والی اہم شاہراہ گزشتہ کافی عرصے سے شدید خستہ حالی کا شکار ہے، سڑک جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے ساتھ بڑے بڑے گڑھوں میں تبدیل ہو چکی ہے، جبکہ تیل بردار بھاری گاڑیوں اور دیگر ٹریفک کی مسلسل آمد و رفت (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

"پاکستان میں وفاقیت، صوبائی تنظیم نو اور گورننس کا مستقبل" کے عنوان پر علمی مباحثے کا انعقاد

مضبوط اداروں، آزاد عدلیہ، انتظامی شفافیت اور بااختیار مقامی حکومتوں کے بغیر عام شہری کے مسائل کا حل ممکن نہیں، مقررین

تربت (پ ر) جامعہ تربت میں شعبہ سیاسیات، شعبہ قانون، ینگ پیس اینڈ ڈیولپمنٹ کورپس اور ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز کے باہمی اشتراک سے پاکستان میں (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تاجروں اور کاروباری حضرات کا کلیدی کردار

صوبے میں امن و امان کا قیام اولین ترجیح ہے

گورنر مندوخیل

تاجروں اور صنعتکاروں کی معاشی و تجارتی سرگرمیوں سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے، سید عبدالقیوم آغا کی قیادت وفد سے بات چیت

قومی شاہراہوں پر سفری مشکلات کے سب سے منفی اثرات تاجر برادری پر مرتب ہو رہے ہیں، چیمبر آف کامرس کے وفد گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تاجروں اور کاروباری حضرات کا (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تاجر اور صنعتکار ملک کے معاشی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

مستونگ، کھڈ کوچہ میں نامعلوم افراد کا بم دھماکہ، ہوٹل اور ملحقہ دکان تباہ

مستونگ (پی این اے) تحصیل کھڈ کوچہ کے علاقے ریکی بوز میں گزشتہ شام نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ بم دھماکے کے ذریعے مدینہ ہوٹل کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق دھماکے کی شدت سے ہوٹل سے ملحقہ پرچون کی دکان بھی مکمل طور پر تباہ ہوگئی جبکہ قریبی ٹیوب ویلوں کی سولر پلیٹس کو بھی نقصان پہنچا۔

کسی امیدوار کی حق تلفی برداشت نہیں کی جائے گی، صلاح الدین نورزئی

تمام بھرتیوں کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور قواعد و ضوابط کی مکمل پاسداری کو یقینی بنایا جائے گا

نصیر آباد (خ ن) نصیر آباد حکومت بلوچستان کی میرٹ پر مبنی واضح پالیسی کے مطابق محکمہ تعلیم میں حقدار امیدواروں کی داد رسی اور شکایات کے ازالے کے لیے ضلع جھل مگسی کی سی آر سی فیز تھری کا اجلاس کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

لاکھڑا پولیس نے سندھ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا

اوتھل (این این آئی) ایس ایچ او لاکھڑا عبدالجلیل سومرو کی کامیاب کارروائی، پولیس تھانہ فورٹ ڈسٹرکٹ حیدرآباد سندھ کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا

ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جائے، خالد خان

ترقیاتی کاموں میں شفافیت، معیار اور رفتار کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے حوالے سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

بلوچستان کی طالبات میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، راحیلہ حمید درانی

سائنس اور آرٹس کی سرگرمیوں کے ذریعے طالبات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں تحقیق، تخلیق اور عملی تجربات کا رجحان پیدا کیا جا سکتا ہے

محکمہ تعلیم صوبے میں تعلیمی معیار کی بہتری، طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور تعلیمی اداروں میں مثبت و تعمیری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رکھے گا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کواری روڈ کوئٹہ میں سائنس و آرٹس ایگزیبیشن کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی غیر نصابی سرگرمیاں طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی و تحقیقی سوچ اور خود اعتمادی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بخش بلوچ، جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز محترمہ سعیدہ نیاز اور ایجوکیشن اسپیشلسٹ محترمہ سعدیہ فاروقی بھی موجود تھیں۔ انہوں نے نمائش میں طالبات کی جانب سے پیش کیے گئے سائنسی و تخلیقی منصوبوں کا جائزہ لیا اور طالبات کی کاوشوں کو سراہا (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، اعجاز احمد

امن کیلئے عوام کا تعاون ناگزیر ہے، شہری اپنی تجاویز اور مسائل سے آگاہ کریں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے علاقائی وفد کے ہمراہ تھانہ عبدالخالق شہید کے ایس ایچ او اعجاز احمد کی دعوت پر خصوصی ملاقات کی، جس میں علاقے میں امن و امان کی صورتحال، شہریوں کے مسائل اور پولیس کے اقدامات (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

لاکھڑا پولیس نے سندھ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا

اوتھل (این این آئی) ایس ایچ او لاکھڑا عبدالجلیل سومرو کی کامیاب کارروائی، پولیس تھانہ فورٹ ڈسٹرکٹ حیدرآباد سندھ کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا

قرآن سے رشتہ مضبوط ہوگا تو فرد، گھر اور معاشرہ بدلیں گے، ثمینہ سعید

حقیقی کامیابی یہ ہے کہ ہم قرآن کو پڑھنے کے ساتھ اسے سمجھیں، اپنی زندگیوں میں نافذ کریں

لاہور (پ ر) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید نے کہا ہے کہ قرآنِ حکیم صرف تلاوت کے لیے نہیں بلکہ زندگی گزارنے کا مکمل دستور ہے، حقیقی کامیابی یہ ہے کہ ہم قرآن کو پڑھنے کے ساتھ اسے سمجھیں، اپنی زندگیوں میں نافذ کریں (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی جناح پیپلز ٹرین سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تعلیمی ادارے میں طلبہ کو جدید تعلیم کیساتھ دینی تربیت فراہم کی جائے

ہدایت الرحمٰن بلوچ

کلچر کے نام پر نوجوانوں کی مخلوط رقص کی محفلیں قابل مذمت ہے ان کا ہمارے کلچر سے کوئی تعلق نہیں۔ نوجوان طلبہ سیرتِ طیبہ کا مطالعہ کریں

سیرتِ رسول اکرم ﷺ پوری انسانیت کے لیے کامل رہنمائی اور نوجوان نسل کے لیے عملی زندگی کا بہترین نمونہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کوئٹہ میں منعقدہ کنونشن محسنِ انسانیت کوئٹہ کنونشن میں خصوصی شرکت اور خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرتِ رسول اکرم پوری انسانیت کے لیے کامل رہنمائی اور نوجوان (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

سبی، مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک میں تصادم، ڈرائیور سمیت 7 مسافر زخمی

سبی (یو این اے) مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ویگن ڈرائیور سمیت سات مسافر زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹیچنگ ہسپتال سبی منتقل کیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جا رہی ہے۔ زخمیوں میں اللہ داد ولد امداد سکنہ شکارپور، شفیق ولد ایوب سکنہ شکارپور، گلاب ولد مرید خان سکنہ کوئٹہ، نعمت خان ولد ظاہر احمد سکنہ کوئٹہ، ولی محمد ولد محمد اشرف سکنہ کوئٹہ جبکہ دو نامعلوم افراد شامل ہیں

اوتھل، کوسٹ گارڈز کی کارروائی، مسافر کوچز سے 61 نایاب باز برآمد

اوتھل (یو این اے) پاکستان کوسٹ گارڈز کی اوتھل چیک پوسٹ پر بڑی کارروائی، کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو مسافر کوچز سے 61 نایاب اور قیمتی نسل کے باز برآمد کر لیے گئے، بیرونِ ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام، تمام بازوں کو وائلڈ لائف حکام کی موجودگی میں آزاد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کے کمانڈنٹ آفیسر لیفٹیننٹ کرنل زین العابدین کی خصوصی ہدایات پر اوتھل چیک پوسٹ پر مسافر گاڑیوں کی سخت نگرانی اور تلاشی کا سلسلہ جاری تھا۔ اسی دوران کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو مسافر کوچز کو روک کر تلاشی لی

وزیراعلیٰ کی ملک میر وائس خان کاسی کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر وائس خان کاسی کے انتقال پر ان کے گھر گئے اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل دے

جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے چیف ایگزیکٹو جامعہ شفا ہسپتال ڈاکٹر میر وائس اور بزنس مین چوہدری اجمل ملاقات کر رہے ہیں

جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ سے ڈاکٹر میر وائس کی ملاقات

بزنس مین چوہدری اجمل نے صحت، تعلیم اور کاروباری روابط کے فروغ پر بات چیت کی

کوئٹہ (پ ر) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے چیف ایگزیکٹو جامعہ شفا ہسپتال ڈاکٹر میر وائس اور معروف بزنس مین چوہدری اجمل نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صحت کے شعبے میں تعاون، کاروباری روابط کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

تعلیمی خدمات پر ایوارڈ حیدر خان ناصر کی محنت کا اعتراف ہے، صالح محمد کاکڑ

اساتذہ اور طلبا کے مسائل کے حل کیلئے حیدر خان ناصر کی کاوشیں قابل ستائش ہیں

کوئٹہ (یو این اے) چیئرمین اصلاحی کمیٹی کلی ملک عمر خان حاجی صالح محمد کاکڑ نے ڈپٹی ڈی ای او زرغون ٹان حیدر خان ناصر کو محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے تعلیمی خدمات، ملنساری، انتھک محنت، زیادہ سے زیادہ بچوں کو سکولوں میں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

وندر، درگاہ پیر مجاہد کا سالانہ تین روزہ میلہ کل شروع ہوگا

سالانہ میلہ روایتی و ثقافتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ عقیدت مندوں کے لیے روحانی وابستگی کا اہم موقع ہے، خلیفہ عبدالقیوم دوچھانی

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) وندر، بزرگ ہستی درگاہ پیر مجاہد موضع کاٹھوڑ کا سالانہ تین روزہ میلہ یکم اکتوبر سے شروع ہوگا تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ سالانہ میلے میں (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

بھاگ ناڑی، بدامنی کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا احتجاجی مظاہرہ

بھاگ شہر اور تحصیل بھر میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے، مقررین

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیر اہتمام بھاگ شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی چوری ڈکیتی رہزنی اور لوٹ مار کے خلاف شہر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاج میں بھاگ شہر کی سیاسی سماجی و قبائلی شخصیات تاجر برادری ٹرانسپورٹرز اور مختلف (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، امیر حمزہ زہری

نئی ٹرین سروس سے شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت ملے گی، عوام کے وقت اور سفری اخراجات میں بھی کمی آنے کی توقع ہے

پیپلز پارٹی کی حکومت کے دور میں بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کو کوئٹہ کے شہریوں کے لیے اہم اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے ایک اور وعدہ مختصر مدت میں پورا کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

وندر، مسافر کوچ کی رکشہ کو ٹکر ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) وندر کے قریب مسافر کوچ کی رکشہ کو زوردار ٹکر 1 شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 وندر کی میڈیکل ایمرجنسی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق منگل کے روز کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 وندر کے قریب حسن ہوٹل بکرا منڈی کے مقام پر تیز رفتار مسافر کوچ نے رکشہ کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں رکشہ میں سوار محمد سلیم ولد گل محمد جو بیوپاری بتایا جاتا ہے موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ اختر نامی شخص شدید زخمی ہوگیا۔

ڈاکٹر یاسر طاہر سے وسیم صمد کی سربراہی میں وفد کی ملاقات

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر صحت گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے معاون وسیم صمد کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع کے مختلف ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں ادویات کی قلت اور دیگر عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وفد نے ضروری ادویات کی بروقت فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا، جبکہ ڈاکٹر یاسر طاہر نے ادویات کی ترسیل میں درپیش مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے مسائل کے حل اور صحت کی سہولیات میں بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

پی ٹی ایم ایل اور جی نیکسٹ نے پاکستان میں آئی فون 18 پروسیریز متعارف کرانے کا اعلان کر دیا

جدید ترین 5G سروسز اور معیاری ہینڈ سیٹس کے یکجا ہونے سے صارفین کو بہترین ڈیجیٹل تجربہ حاصل ہوگا

اسلام آباد (پ ر) پاکستان کے معروف ٹیلی کام آپریٹر، پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) نے پاکستان میں ایپل کے مجاز ڈسٹری بیوٹر اور سروس فراہم کنندہ، جی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

چار معذور بچوں کے پڑھے لکھے غریب باپ کی وزیراعلیٰ سے ملازمت کی اپیل

تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود مستقل روزگار سے محروم ہے، عبدالغفار

گنداخہ (نورحسن جمالی) اوستہ محمد کی تحصیل گنداخہ کے گوٹھ غلام محمد جمالی کے رہائشی ایف اے پاس اور ڈپلومہ ہولڈر غریب عبدالغفار نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے سرکاری ملازمت فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔ عبدالغفار کا کہنا ہے کہ وہ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود مستقل روزگار سے محروم ہے، جبکہ اس کے چار بچے معذوری کا شکار ہیں اور ان کی کفالت (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

نادرا انچارج گنداخہ اختر علی جمالی کی خدمات قابلِ تعریف

دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی جاری ہے، عوامی حلقے

گنداخہ (نورحسن جمالی) نادرا مرکز گنداخہ کے انچارج اختر علی جمالی اپنے ٹیم کے ہمراہ عوام کو بہتر، بروقت اور شفاف انداز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نادرا مرکز پر روزانہ مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں مرد و خواتین اپنے شناختی کارڈ، (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

گنداخہ، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے کاموں میں مصروف ہے

گنداخہ (نورحسن جمالی) میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کی جانب سے شہر کی بہتری، ترقی و خوشحالی اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

☆☆☆☆☆☆☆ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆

حکومت اور ٹرانسپورٹرز کے معاشی قتل عام پر مبنی اقدامات ترک کرے

پشتونخوا میپ

حکومت کی ناقص پالیسیوں کے باعث پہلے ہی باڈر ٹریڈ کی بندش نے تاجروں سمیت تمام عوام کو سخت ترین بیروزگاری، مہنگائی اور معاشی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے

ملک کے اندر ایک صوبے سے دوسرے صوبے جانے والے ملکی میوہ جات کو چیک کرنے کا کسٹم کے اختیارات و قوانین واضح ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں تلاشی کے نام پر کسٹم، کوسٹ گارڈ و دیگر متعلقہ اداروں کی غیر قانونی اور ناروا عمل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبے کے زمینداروں کے سیب و دیگر میوہ جات، سبزیات سے بھرے ٹرکوں پر لوہے کے نوکیلے سیخ (راڈز) سے چھید کرنے، تلاشی کے نام پر زمینداروں کی معاشی قتل (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

بی ایم ایف میڈیا پرسنز کی توانا آواز بن چکا ہے، سید امان شاہ

قیوم بلوچ، اللہ داد رند اور پوری ٹیم کو مبارکباد، صحافیوں کے حقوق کیلئے جدوجہد قابلِ تحسین ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبہ بھر کے میڈیا پرسنز کی توانا اور معتبر آواز بن چکا ہے، فورم کی جانب سے صحافیوں کے حقوق، آزادی صحافت اور میڈیا سے وابستہ افراد کے مسائل کے حل کیلئے کی جانے والی جدوجہد قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت چار روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

پسنی (خ ن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج پسنی میں حکومتِ بلوچستان اور ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ افیئرز کے زیرِ اہتمام بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت چار روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 59 سے زائد طالبات نے شرکت کی ورکشاپ کا مقصد نوجوان طالبات کی ابلاغی و باہمی روابط، قیادت و انتظامی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ میں پیرا ایتھلیٹس کی شاندار کارکردگی

مہمانان خصوصی مہر اشتیاق احمد، سلمہ سعید ہاشمی، ثمینہ میر نے کھلاڑیوں میں پیلٹس اور میڈلز تقسیم کیے

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے زیر اہتمام بچوں اور نوجوان پلیئرز کی حوصلہ افزائی، ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کے فروغ اور نوجوان نسل کو صحت (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

مہمان خصوصی مہر اشتیاق اور سلمہ سعید ہاشمی کا گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ میں کامیاب پیرا ایتھلیٹ کو اورنج بیلٹ اینڈ میڈل دینے کے بعد گروپ فوٹو

جمس اسپتال میں مستحق معذور افراد میں معاون سامان تقسیم کرنے کی تقریب

فلاحی پروگراموں کی حوصلہ افزائی کرنا انتہائی ضروری ہے، میر ممتاز حسین جکھرانی

جیکب آباد (انیس جکھرانی) جیکب آباد کے جمس اسپتال میں سندھ سوسائٹی فار ہیومن ڈویلپمنٹ کے تعاون سے مستحق معذور افراد میں معاون سامان تقسیم کرنے کی ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی (ایم پی اے) گڑھی خیرو میر (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)